This question paper contains 4+1 printed pages]

Your Roll No.......................

278

B.A. (PROGRAMME)/I Sem. B

URDU DISCIPLINE—Paper A

(Admission of 2011 and onwards)

Time : 3 *Hours* *Maximum Marks* : 75

(*Write your Roll No. on the top immediately on receipt of this question paper.*)

۱۔ ذیل کے شعری اقتباسات میں سے کسی دو کی تشریح مع سیاق و سباق کیجیے: ۳۰

(الف)

فقیرانہ آئے صدا کر چلے

میاں! خوش رہو ہم دعا کر چلے

جو تجھ بن نہ جینے کو کہتے تھے ہم

سو اس عہد کو اب وفا کر چلے

P.T.O.

(2)

شفا اپنی تقدیر ہی میں نہ تھی

کہ مقدور تک تو دوا کر چلے

وہ کیا چیز ہے آہ جس کے لئے

ہر اک چیز سے دل اٹھا کر چلے

کوئی نا امیدانہ کرتے نگاہ

سو تم ہم سے منہ بھی چھپا کر چلے

(ب)

غیروں پہ کھل نہ جائے کہیں راز دیکھنا

میری طرف بھی غمزۂ غماز دیکھنا

اُڑتے ہی رنگِ رُخ مرا نظروں سے تھا نہاں

اس مرغِ پر شکستہ کی پرواز دیکھنا

دشنامِ یار طبعِ حزیں پر گراں نہیں

اے ہم نفس نزاکتِ آواز دیکھنا

دیکھ اپنا حالِ زار منجم ہوا رقیب

تھا سازگار طالعِ ناساز دیکھنا

بدکام کا مآل بُرا ہے جزا کے دن

حالِ سپہر تفرقہ انداز دیکھنا

(ج)

اہل فنا کو نام سے ہستی کے ننگ ہے

لوحِ مزار بھی مری چھاتی پہ سنگ ہے

فارغ ہو بیٹھ فکر سے دونوں جہان کی

خطرہ جو ہے سو آئینہء دل پہ زنگ ہے

حیرت زدہ نہیں ہے فقط تو ہی آئینہ

یاں تک بھی جس کی آنکھ کھلی ہے سو دنگ ہے

اس ہستیِ خراب سے کیا کام تھا ہمیں

اے نشۂ ظہور یہ تیری ترنگ ہے

گل گیر منہ پہ پیار نہ تو شمع کی طرف

اس کی زبان ہی اسے کام نہنگ ہے

۲۔ درد دہلوی کی عشقیہ شاعری کا جائزہ پیش کیجئے۔ ۱۰

یا

اردو غزل کی ابتداء و ارتقا پر ایک مضمون قلمبند کیجئے۔

۳۔ غالب کی غزل گوئی کی خصوصیات لکھئے۔ ۱۰

یا

شاد عظیم آبادی کی غزلیہ شاعری پر ایک نوٹ لکھئے۔

۴۔ داغ دہلوی کی غزلوں پر اظہار خیال کیجئے۔ ۱۰

یا

فانی کی شاعری کی اہم خصوصیات بیان کیجئے۔

۵۔ ذیل میں سے کسی تین کی تعریف مثالوں کے ساتھ لکھئے: ۱۵

(۱) مبالغہ

(۲) کنایہ

(۳) مجاز مرسل

(۴) تشبیہہ

(۵) استعارہ